


# مجلسِ مدرسۃ المدینہ للبنات کے

# 30 مدنی پھول

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ''قراٰنِ پاک شفاعت کر کے جنت میں لے جائے گا'' کے

# 30 حروف کی نسبت سے مجلسِ مدرسۃ المدینہ للبنات کے 30 مَدَنی پھول

**فرمانِ امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ:

❁ ''**مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے**'' اس مَدَنی پھول کو اپنے اور ایک ایک **مَدَنی مُنّی** کے ذِہن میں ایسا راسخ کر دیجئے کہ وہ اس مَدَنی مقصد کو اپنی زندگی کا اُصول بنا لے، اِس طرح **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کی اپنی **دعوتِ اسلامی** کے ''مَدَنی کام'' کو پرواز کے مَدَنی پَر لگ جائیں گے ❁ مدرَسے میں اور اس کے علاوہ بھی ''پردے میں پردہ'' کیجئے اور طَلَبہ (طالبات) کو بھی اسکا پابند بنائیے۔ انہیں **مَدَنی اِنعامات** کا رِسالہ جمع کروانے کی اتنی ترغیب دی جائے کہ ان کا ذِہن بن جائے کہ مَدَنی اِنعامات پر عمل ہماری زندگی کا لازِمی جُزو ہے ❁ **مدرِس** (مدرِّسہ) پڑھانے میں خواہ کتنا (کتنی) ہی ماہر ہو، بے شک اسکا دَرَجہ پڑھائی کے مُعامَلے میں اوّل آتا ہو مگر میرے نزدیک وُہی **مدرِّس** (مدرِّسہ) کامیاب ہے جو **''دعوتِ اسلامی''** کے دیئے ہوئے مَدَنی ذِہن کے مطابق طَلَبہ (طالبات) کی اخلاقی تربیّت کرنے میں بھی کامیاب رہے ❁ اگر آپ کو واقِعی **دعوتِ اسلامی سے پیار ہے** تو ہر مَدَنی مُنّے (مُنّی) اور طالب **علم** (طالبہ) کو خائفِ خدا، عاشقِ مصطفٰے، والِدَین کا فرمانبردار، سنجیدہ، با اَخلاق، زَبان اور آنکھ کے **قفلِ مدینہ** کا عامِل اور ''دعوتِ اسلامی'' کا شیدا بنانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں لگا دیجئے۔ ❁ ذِمّہ دَاران کی اِطاعت کرتے ہوئے اپنے عَلاقے میں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں کی دُھومیں مچاتے رہئے اور بالغان (بالِغات) کے **مدرسۃُ المدینہ** میں روزانہ پڑھانے کی سعادت بھی حاصل کرتے (کرتی) رہئے۔ نیز ہر ماہ **مَدَنی اِنعامات** کا رِسالہ بھی جمع کروایئے۔ (تفصیل کے لئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب ''رہنمائے مدرسین'' ص 8 تا 13 کا مطالعہ کیجئے)

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِیَّةُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵) اس لیے مجلس مدرسۃ المدینہ (للبنات) کا ہر ذِمہ دار یہ نیت کرتا رہے: ''میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے ''**مجلسِ مدرسۃ المدینہ للبنات**'' کا مدنی کام، مدنی مرکز کے طریقِ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔''

﴿2﴾ **مجلس مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کی تمام اسلامی بہنیں، پردے، چندے، رشوت، تعلقات اور مداہنت (مُداھَنت کے

www.dawateislami.net

لغوی معنی نرمی کے ہیں۔ناجائز اور گناہ والے کام ملاحظہ کرنے کے بعد(اِسے روکنے پر قادِر ہونے کے باوجود)اِسے نہ روکنا اور دینی معاملے کی مدد و نصرت میں کمزوری و کم ہمّتی کا مظاہرہ کرنا مداہنت کہلاتا ہے یا کسی بھی دُنیوی مفاد کی خاطر دینی معاملے میں نرمی یا خاموشی اختیار کرنا مُدَاھَنَت ہے) کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: پردے کے بارے میں سوال جواب، چندے کے بارے میں سوال جواب، فیضانِ سنت صفحہ 539 تا صفحہ 554 تک ☆ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 449 ☆ بہارِ شریعت، جلد سوم، حصہ 16 ☆ نیز فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 تک اور ''دارالافتاء اہلسنّت'' سے ضرورتاً رہنمائی بھی لیتے رہیں۔

﴿3﴾ **مجلس مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کے تحت اسلامی بہنوں کے **غیر مقیم، کل وقتی و جُز وقتی، مدرسہ کورس، تربیتی مدرسہ کورس (رہائشی)، تجوید و قراٰت کورس** ہیں۔

﴿4﴾ **مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کی ہر عمارت کے **مکمل کاغذات، مجلس اثاثہ جات** (دعوتِ اسلامی) کے طریقِ کار کے مطابق دعوتِ اسلامی کے نام ہونے چاہیں۔

﴿5﴾ **نیا مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کھولنے کے لیے مجلس کی طرف سے دی گئی **شرائط پر عمل** ضروری ہے۔ نیا **مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کھولنے سے **قبل نگرانِ کابینہ** کا دَستخط شدہ درخواست فارم **مجلس مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کو جمع کروانا ہوگا۔ **مجلس مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کی **تحریری اِجازت** سے ہی **نیا مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کھولا جاسکے گا۔

﴿6﴾ اگر کوئی پلاٹ/عمارت یا چلتا ہوا مدرسہ دعوتِ اسلامی کے سِپُرد کرنا چاہے تو اس کو مدنی مرکز کے دِیے گئے **طریقِ کار کے مطابق** لیا اور چلایا جائے گا۔

﴿7﴾ **مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) میں مدنی عملہ کی **تقرری/تبدیلی اور معزولی، مجلس مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) اور **مجلس اجارہ** کی مشاورت سے ہوگی۔

﴿8﴾ کوئی بھی پمفلٹ، تحریرو فارم وغیرہ مرکزی مجلس شوریٰ کی اجازت کے بغیر چھاپنے کی اِجازت نہیں۔

﴿9﴾ **مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) میں **تعلیمی و امتحانی جدول، مجلس مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) ہی طے کرے گی۔

﴿10﴾ **مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کی مدنی مُنّیاں اور مدنی عملے کی اسلامی بہنیں درجہ سطح پر (درجہ میں) روزانہ **درسِ فیضانِ سنّت** دیں، **روزانہ فکرِ مدینہ**، مدرسہ سطح پر (باہر جاکر) **ہفتہ وار علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت**، ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت (مدنی منی سرپرست کے ساتھ ہی شرکت کریں) **مدنی حُلیہ** (یعنی مدنی بُرقع یعنی

www.dawateislami.net

دستانے موزے) کا لازمی معمول بنائیے۔

﴿11﴾ **مجلس مدرسۃ المدینہ** (للبنات) ہر مدرسۃ المدینہ کی ناظمہ کو مدرسے کی صفائی ستھرائی (درجے، وضو خانے و استنجا خانے وغیرہ)، رہن سہن، **مدنی منیوں کی تعلیم و تربیت اور اخلاقیات کے حوالے سے مسلسل مدنی تربیت کرے**۔ (ہمارے تمام مدارس المدینہ میں صفائی ستھرائی، کھانے کا معیار اور رہن سہن کم از کم ایک متوسط گھرانے جیسا تو ہونا ہی چاہیے)

﴿12﴾ ہر مدرسۃ المدینہ (للبنات) **میں نگرانِ کابینہ کی اجازت سے کم از کم 3 رُکنی انتظامی اُمور کی مجلس** (علاقے کے اسلامی بھائیوں پر مشتمل) بنائی جائے۔ یہ **مجلس انتظامی امور** (عمارت کے تعمیراتی معاملات، بجلی، پانی، گیس وغیرہ کے بل) اور **مدرسۃ المدینہ** (للبنات) **کی خود کفالت کی ترکیب کرے گی**۔

﴿13﴾ **مدرسۃ المدینہ** (للبنات) **میں ہر 12 ماہ میں طے شدہ جدول کے مطابق ہر درجہ کی کم از کم 4 مرتبہ تفتیش** ہوگی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ، **مسائل حل کرنا کابینہ ناظمہ کی ذمہ داری ہوگی**۔

﴿14﴾ **مدرسۃ المدینہ** (للبنات) میں مدنی مرکز کی طرف سے طے شدہ **یونیفارم** کا نفاذ ضروری ہے۔
❁ **مدنی برقع** (دو حصّوں پر مشتمل مکمل تنظیمی ترکیب ہو، جو پہلے سے مدنی مرکز کے طریق کار میں ہے) ❁ ڈِھیلی ڈھالی سفید شلوار قمیص (کلائی تک آستین) ❁ **کالے دَستانے**، ❁ **گرین اَسکارف** (سبز بڑی اوڑھنی جو سینے کو مکمل ڈھانپے ہوئے ہو)

**مدینہ**: جس جگہ صرف اسلامی بہنیں ہوں، وہاں پر اسلامی بہنیں مدنی برقع اُتار کر مدنی بیگ میں رکھ لیں گی اور سر پر گرین اَسکارف پہن لیں تو کوئی حرج نہیں، البتہ وہاں پر بھی مدنی برقع کا اُوپری حصہ بھی پہنی رہیں تو مدینہ مدینہ۔

﴿15﴾ **مدرسۃ المدینہ** (للبنات) میں **کوئی بھی نیا کام یا تبدیلی مجلس مدرسۃ المدینہ** (للبنات) **کی تحریری اجازت کے بغیر نہ کی جائے**۔

﴿16﴾ **مدنی مُنّیوں کے مدرسۃ المدینہ** (للبنات) **میں مدنی مُنّوں کو داخلہ نہیں دیا جائے گا**۔ مُدَرِّسہ، مدنی مُنّوں کو نہیں پڑھا سکتیں اور نہ ہی کہیں **مخلوط تعلیمی نظام** کی اجازت ہے۔ یاد رہے! **مدرسۃ المدینہ** (للبنات) میں کوئی بھی **غیر شرعی یا غیر تنظیمی** کام کرنے کی قطعاً اجازت نہیں۔

﴿17﴾ **مدرسۃ المدینہ** (للبنات) میں پیش آنے والے ہر طرح کے مسائل کا **حل تنظیمی طریقِ کار کے مطابق** ہی فرمائیں، مثلاً مُدَرِّسہ کو کوئی مسئلہ درپیش ہے تو وہ اپنی ناظمہ کو تحریری طور پر پیش کرے۔ زیادہ تاخیر یا مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں یا اطمینان نہ ہونے کی صورت میں بتدریج ڈویژن ناظمہ / کابینہ ناظمہ / رکنِ مجلس مدرسۃ المدینہ (للبنات) / نگران مجلس مدرسۃ المدینہ (للبنات) کو بذریعہ محرم / میل پیش کرے، پھر بھی مسئلہ حل نہ ہو تو اپنے شعبہ سے متعلقہ رُکنِ شوریٰ کو پیش کرے۔ اگر شرعی مسئلہ آجائے تو اسی دن بتدریج رکنِ مجلس / نگرانِ مجلس

www.dawateislami.net

بذریعہ تحریر یا میل پہنچایئے جب تک شرعاً واجب نہ ہو جائے کسی کی غلطی کو (بلا اجازتِ شرعی) دوسرے کے آگے بیان کرکے بدگمانیوں، غیبتوں، چغلیوں اور ایک دوسرے کے عیوب اُچھالنے کا بازار گرم کرکے اپنی آخرت اور دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کے نقصان کا سبب نہ بنیں۔

**﴿18﴾ مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کی وہ ذمہ داران جو مالِ وقف کی امین ہیں، انہیں چاہئے کہ اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے **شرعی تقاضوں** کو پورا کرنے کی کوشش فرمائیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: **وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ٥** ترجمہ کنزالایمان۔ ''اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی رعایت کرتے ہیں۔ (پ ۱۸ سورۃ المؤمنون: ۸) صدرالافاضل، حضرت علامہ مولانا مفتی سید محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہ رحمۃ اللہ الھادی تفسیر خزائن العرفان میں اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: ''خواہ وہ امانتیں اللہ کی ہوں یا خلق کی اور اسی طرح عہد، خدا کے ساتھ ہوں یا مخلوق کے ساتھ۔ سب کی وفا لازم ہے''۔

**﴿19﴾ مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کی تمام ذمہ داران اپنے تحت کام کرنے والے اجیر اسلامی بہنوں کی امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے رسالے **''حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول''** کے مطابق مدنی تربیت فرماتی رہیں، نیز انہیں مدنی مرکز کی طرف سے دیے گئے جدول پر عمل کرنے کا پابند کریں۔ جو اجیر (اُجرت پر کام کرنے والی) اپنا کام مکمل نہیں کرتی یا سُستی، کاہلی کی وجہ سے کوتاہی کرتی ہے تو جس قدر کام میں کوتاہی کی اُتنی اُجرت لینے کی مستحق نہیں، اس پر لازم ہے کہ اتنی رقم کی کٹوتی کروائے۔ اگر کام میں سُستی کرنے کے باوجود پوری اُجرت لیتی رہی تو توبہ کے ساتھ ساتھ اتنی رقم لوٹانا بھی لازم ہوگا لوٹائے بغیر بَریٔ الذِّمہ نہ ہوگی۔

**امامِ اہلسنت**، مجدّدِ دین وملت، حضرت علامہ مولانا شاہ **امام احمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: ''کام کی 3 حالتیں ہیں (۱) سُست (۲) معتدل (۳) نہایت تیز۔ اگر مزدوری میں سُستی کے ساتھ کام کرتا ہے، گنہگار ہے اور اس پر پوری مزدوری لینی حرام ہے، اتنے کام (یعنی جتنا اس نے کیا) کے لائق جتنی اُجرت ہے لے، اُس سے جو کچھ زیادہ ملا مستاجر (جس کے ساتھ اجارہ کا معاہدہ کیا) کو واپس دے''۔ (فتاوی رضویہ جلد ۱۹ ص ۴۰۷)

**﴿20﴾ مدرسۃُ المدینہ** (للبنات) کے ذریعے جو بھی مدنی عطیات اکٹھے ہوں، وہ مجلسِ مالیات کو جمع کروائیں، طے شدہ اخراجات مجلسِ مالیات سے گوشوارہ دے کر حاصل فرمائیں، اپنے طور پر مدنی عطیات جمع کرکے، خرچ کرنے کی اجازت نہیں۔ (ناظمہ مدرسہ کے مکتب میں دعوتِ اسلامی کے مدنی عطیات بکس کی ترکیب ہونی چاہئے، مدرسے کے اطراف کے بازار وغیرہ میں دکانوں وغیرہ میں جو مدنی عطیات بکس لگائے جائیں اس کی ترکیب مجلس

مدنی عطیات بکس ہی کرے گی)

**﴿21﴾ مَدَنی انعامات،علاقائی دورہ و مختلف کورسز کے ماہانہ اھداف:** مدرسۃُ **الْمدینہ** (للبنات) کے ہرسطح کے ذِمہ داران (اسلامی بھائی)، اپنے نگرانِ مشاورت کے مشورے سے مَدَنی انعامات، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت اور دیگر کورسز کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

**﴿22﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:**

19 سے 26 مدنی مُنّیوں پر **ناظرہ کا درجہ** (مدرِسہ) اور 19 سے 22 **مدنی مُنّیوں پر حِفظ کا درجہ** (مدرِسہ) ہو گا۔ 4 سے کم درجوں پر مدرسہ ذمہ دار، 4 سے 7 درجوں پر ناظمہ اور اگر مدرسے کی اُسی عمارت میں یا قریب کے مدرسے کے درجوں کو ملا کر 8 یا اس سے زائد درجے ہوں تو نائب ناظمہ کی ترکیب بھی کی جائے گی۔ 18 سے 22 درجوں پر ڈویژن ناظمہ (مفتشہ) ہوگی اور اس کا کام صرف تفتیش کرنا ہوگا (ڈویژن ناظمہ اسلامی بہنوں کی ڈویژن مشاورت کی رکن بھی ہوگی)، 25 سے 30 **مدارس پر کابینہ ناظمہ** (کابینہ ناظمہ اسلامی بہنوں کی کابینہ مشاورت کی رکن بھی ہوگی)، 3 سے 5 **کابینہ** (تنظیمی کابینہ) **پر رکنِ مجلس مدرسۃُ الْمدینہ** (للبنات) (پاکستان) **مقرر ہوں گے** ۞ **کابینات ذِمہ داران** پاکستان سطح کی مجلس کے رُکن ہیں، اسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات اور ایک مدنی قافلہ ذمہ دار اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے ۞ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) ۞ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین ونگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔

(امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

| # | ذمہ دار | سطح |
|---|---|---|
| 1 | ناظرہ کا درجہ (مدرسہ) | 19 سے 26 مدنی مُنّیوں پر |
| 2 | حِفظ کا درجہ (مدرسہ) | 19 سے 22 مدنی مُنّیوں پر |
| 3 | ناظمہ | 4 سے 7 درجوں پر |
| 4 | نائب ناظمہ | 8 یا اس سے زائد درجے ہوں تو |

| # | ذمہ دار | سطح |
|---|---|---|
| 6 | ڈویژن ناظمہ (مفتشہ) | 18 سے 22 درجوں پر |
| 7 | کابینہ ناظمہ | 25 سے 30 مدراس پر |
| 8 | رکنِ مجلس (پاکستان) | 3 سے 5 تنظیمی کابینہ پر (اسلامی بھائی) |
| 9 | نگرانِ مجلس | پاکستان پر (اسلامی بھائی) |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | الف ناظرہ کا درجہ (مدرسہ) | 3 گھنٹے 15 تا 18 مدنی منیوں پر |
| 11 | ج ناظرہ کا درجہ (مدرسہ) | 2 گھنٹے 12 تا 15 مدنی منیوں پر |

| | | |
|---|---|---|
| 10 | ب ناظرہ کا درجہ (مدرسہ) | 2 گھنٹے 12 تا 15 مدنی منیوں پر |
| 12 | ج ناظرہ کا درجہ (مدرسہ) | 1 گھنٹہ 10 تا 12 |

## ﴿23﴾ کارکردگی فارم و مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 1 | ناظمہ | مدرسہ | مدرسات | انفرادی کارکردگی، تعلیمی کارکردگی، خود کفالت، ترقی وتنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 2 | ڈویژن ناظمہ | ڈویژن | ناظمات | // |
| 3 | 3 | کابینہ ناظمہ | کابینہ | ڈویژن ناظمات | // |
| 5 | 7 | نگران مجلس | ملک | اراکین مجلس | // (پاکستان سطح کی اسلامی بھائیوں کی مجلس) |

**کارکردگی فارم جمع کروانے کی تاریخیں:** مدرسہ:1 ڈویژن:2 کابینہ:5 کابینات:6 ملک:7

﴿24﴾ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ ذمہ دار سے اجازت ضروری ہے۔ جب بڑی سطح کی ذمہ دار دیگر سطح کی ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنی ذمہ دارہ سے شعبے کی اسلامی بہنوں کا مدنی مشورہ کروانا مفید ہے)

﴿25﴾ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر مدنی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک مکتب اور متعلقہ رکنِ شورٰی کو میل کردیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں)

﴿26﴾ ہر ذِمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول مدنی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے (نگرانِ مجلس/نگرانِ مشاورت) سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے (نگرانِ مجلس/نگرانِ مشاورت) کو پیش کرے۔

﴿27﴾ متعلقہ نگرانِ مشاورت سے مربوط رہیں، انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگرانِ

www.dawateislami.net

مشاورت سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

《28》 متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ مجلس کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنے شعبے کے تربیتی اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تا کہ ذمہ داران کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

《29》 **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ/ مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

《30》 **ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیں۔فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت اور مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے روازنہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم دو اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش، گھر درس، کیسٹ بیان، مدرسۃ المدینہ بالغات، تربیتی حلقہ، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنی ذمہ دار کو جمع کروائیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کی **پیاری، اجمیری، بغدادی، مکی** اور **مدنی بیٹی** بننے کی سعی جاری رکھئے۔ اِستقامت پانے کے لئے ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ** کر کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا** کر رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالبہ بنانے کی کوشش کرتی رہیں، مرید/ طالبہ ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذات عطاریہ سے مکتوب کی بھی ترکیب بنائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 21 اور 24 کی عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 21: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں ودیگر تمام مجالس جس کی بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بہن) سے برائی صادر ہو

www.dawateislami.net

جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟

**مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾**

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجلَّ

**تاریخِ اجراء**: ۲۹ صفر المظفر ۱۴۳۶ھ / 22 دسمبر 2014ء

www.dawateislami.net